**AKASHVANI NEWS SRINAGAR**

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date: 07-August-2026**

**Time :09:25 / AM**

^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

..........................................................................................

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے قومی ہینڈلوم ڈے کے موقعے پر ملک کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ جوش وخروش کے ساتھ اس دن کو منائیں اور بھارتی ہینڈلوم مصنوعات کی خریداری کو فروغ دینے میں اپنا اہم کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ 7 اگست 1905 کو شروع ہونے والی سودیشی تحریک نے ملک کی آزادی کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا تھا۔وزیراعظم نے کہا کہ ہینڈلوم سے وابستہ بُنکر خاندانوں اور کاریگروں کی محنت کو سراہنا ہرشہری کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے عوام سے ہینڈلوم مصنوعات خریدنے،اس کے ساتھ ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کرنے اور بھارتی دستکاری کو عالمی سطح پر فروغ دینے کی اپیل کی۔

صدر ہینڈلوم

دریں اثناء صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج 12 ویں  قومی ہینڈلوم دن کے سلسلے میں وزارت ٹیکسٹائل کی طرف سے راشٹرپتی بھون کلچرل سینٹر  میں منعقد ہونے والی تقریب میں شرکت کررہی ہیں۔صدر جمہوریہ اس موقعے پر سنت کبیر ہینڈلوم ایوارڈس اور سال 2025 کے نیشنل ہینڈلوم ایوارڈس بھی عطا کریں گی۔

LG ہینڈلوم

قومی ہینڈلوم ڈے کے موقعے پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آج کے دن ہم اپنے بُنکروں اور کاریگروں کی گوناگوں دستکاری صلاحیتوں کو **Celebrate** کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ طبقہ دستکاری روایات کو تحفظ دینے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کاریگروں کو بااختیار بنانے کے عزم کو دہرایا۔

ایل جی ملاقات

ایک کاریگر عبدالقیوم وانی نے کل لوک بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور ہاتھ سے بنائے گئے چین سٹچ دستکاری کو فروغ دینے سے متعلق معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔ **Musuada** فاؤنڈیشن کے چیئرمین عمر بٹ کے علاوہ ٹورسٹ ٹریڈ انٹرسٹ گلڈ کے چیئرمین ظہور احمد کرنائی بھی ایل جی سے ملاقی ہوئے۔ اسی دوران اوڑی سے تعلق رکھنے والے بی جے پی کے ایک وفد نے راجا وقار کی قیادت میں ایل جی سے ملاقات کی۔ آرٹیفشل لمبس میونیوفیکچرنگ کارپوریشن آف انڈیا **ALIMCO** کے چیئرمین اینڈ مینیجنگ ڈائریکٹر پروین کمار نیز سنت شری بالک یوگیشور داس جی مہاراج نے بھی لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

CM

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر کے تمام علاقوں میں دیرپا، شمولیاتی اور عوام دوست بنیادی ڈھانچہ قائم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ جموں میں کل مکانات وشہری ترقی سیکٹر کے **60** کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح وسنگ بنیاد رکھنے کے بعد وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کو جلد از جلد مکمل کیا جانا چاہئے۔ اس موقعے پر نائب وزیراعلیٰ سریندر کما چودھری، کئی ارکان اسمبلی اور مختلف محکموں کے متعدد اعلیٰ افسران بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے۔

عمرٹنل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے راجوری سے جموں کی واپسی پر **Sungal** ٹنل کے کام کا جائزہ لیا۔متعلقہ افسروں نے وزیر اعلیٰ کو تعمیراتی کام کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ یہ ٹنل تکمیل کے آخری مرحلے سے گزر رہی ہے اور اسے جلد ہی ٹریفک کیلئے کھول دیا جائے گا۔وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ **2** اعشاریہ سات نو کلو میٹر لمبا یہ ٹنل کالی دھر رینج میں بی آر او کی طرف سے پروجیکٹ سمپرک کے تحت تعمیر کیا جا رہا ہے۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے اودھمپور ضلعے میں سرینگر جموں قومی شاہراہ پر **Dewal** سرمولی پٹی کا دورہ کر کے وہاں حالیہ بارشوں سے ہوئی تباہی اور میوہ سے بھرے ٹرکوں کی آواجائی کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تجدیدی کام جلد از جلد مکمل کریں تا کہ گاڑیوں کے آنے جانے میں مشکلات پیش نہ آئیں۔بعد میں ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا۔

-----**V/O**------

Quiz

یوتھ افیئرس محکمے نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ **National Flag of India Quiz 2026** میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں۔ہر گھر ترنگا مہم کے تحت منعقد کئے جا رہے اس **Quiz** مقابلے میں اب تک کافی تعداد میں نوجوانوں نے شرکت کی ہے۔واضح رہے کہ یہ **Quiz 15** اگست **2026** تک کھلا رہے گا۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے احسن طریقے پر جاری ہے۔بھگوتی نگر جموں سے آج **926** یاتریوں پر مشتمل **29** واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا۔